I-SAPS
Institute of Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

ilm IDEAS
ADVOCACY AND INNOVATION FUNDS FOR EDUCATION IN PAKISTAN

# ضلع خیر پور


# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جنوری 2015ء سے جون 2015ء









# ضلع خیرپور

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جنوری 2015ء تا جون 2015ء

ضلع خیرپور

تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جنوری 2015ء سے جون 2015ء

مطبوعات:

انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز

مکان نمبر 13، گلی نمبر 1، G-6/3 اسلام آباد

پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، پاکستان

فون: 0092-51-111-739739، فیکس: 0092-51-2925336

ای میل: info@i-saps.org، ویب سائٹ: www.i-saps.org

تعاون: علم آئیڈیاز

ISBN: 978-969-9393-66-2

© 2015 I-SAPS, Islamabad.

رینکنگ کارڈ میں دیئے گئے اعداد و شمار و معلومات انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز کی تحقیق کا نتیجہ ہیں۔

اس ایجنڈا کے مندرجات سے علم آئیڈیاز کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

# فہرست


1- تعارف ..... 1

2- بنیادی مقاصد ..... 1

3- درجہ بندی کا طریقہ کار (Ranking Methodology) ..... 1

4- تعلیمی معیار کے اعداد و شمار (تعلیمی سکور) ..... 1

5- سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد و شمار (سکول سکور) ..... 1

6- حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی ..... 2

7- گراف نمبر 1 ۔ صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی ..... 3

8- گراف نمبر 2 ۔ صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد و شمار اور درجہ بندی ..... 4

9- نقشہ نمبر 1 ۔ صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی ..... 5

10- نقشہ نمبر 2 ۔ صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی ..... 6

## 1-تعارف:

ضلع خیر پور میں تعلیمی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے صوبائی اسمبلی کے حلقوں کی سطح پر تعلیمی اعداد وشمار کا تجزیہ کیا گیا جس کی بنیاد پر ان حلقوں کی تعلیمی معیار اور سکولوں میں سہولیات کی فراہمی کے اعتبار سے درجہ بندی کی گئی ہے۔ صوبائی حلقوں کا یہ پہلا ششماہی کارڈ ہے جو کہ جنوری 2015ء سے جون 2015ء کے اعداد وشمار کی بنیاد پر پہلی رینکنگ پیش کرتا ہے۔ چھ ماہ بعد کی جانے والی یہ رینکنگ صوبائی حلقوں میں ہونے والی تعلیمی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے معاون ثابت ہوگی۔ اس رینکنگ کارڈ میں ضلع خیر پور کے تمام صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کی گئی ہے جن میں پی ایس-29، پی ایس-30، پی ایس-31، پی ایس-32، پی ایس-33 اور پی ایس34 شامل ہیں۔

## 2-بنیادی مقاصد:

صوبائی حلقوں کی تعلیمی درجہ بندی کا مقصد عوامی نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کو حلقے میں موجود طلباء و طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے معاونت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنے حلقہ کی تعلیمی صورتحال اور معیارِ تعلیم بہتر کرنے کے لیے خاطر خواہ اقدامات کریں اور سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے فقدان کو کم کیا جا سکے۔ یہ رینکنگ کارڈ ہر صوبائی حلقہ کے شہریوں کو بھی معاونت فراہم کرے گا کہ وہ اپنے حلقے کے تعلیمی مسائل کو اپنے منتخب نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کے سامنے مؤثر طریقے سے پیش کر سکیں جس سے ان مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔

## 3-درجہ بندی کا طریقہ (Ranking Methodology)

ضلع خیر پور کے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کے لیے دو طرح کے اعداد وشمار کو استعمال کیا گیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

### (i) تعلیمی معیار کے اعداد وشمار (تعلیمی سکور)


حلقوں میں موجود سکولوں کی تعلیمی صورتحال کے بارے میں اعداد وشمار جمع کیے گئے ہیں۔ ان تعلیمی اعداد وشمار میں پانچویں اور آٹھویں جماعت کے امتحانی نتائج (فیصد)، طلباء اور اساتذہ تناسب اور طلباء و کمرۂ جماعت تناسب کی صورتحال کے متعلق اعداد وشمار لیے گئے ہیں۔ ان چار Indicators کی اوزانی اوسط (Weighted Average) مجموعی تعلیمی سکور کو ظاہر کرتی ہے۔

### (ii) سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد وشمار (سکول سکور)


اس حصہ میں حلقوں میں موجود سکولوں میں دستیاب بنیادی سہولتوں کے حوالے سے اعداد وشمار لیے گئے ہیں۔ ان دستیاب سہولتوں میں چار دیواری، پینے کا پانی، لیٹرین اور بجلی شامل ہیں۔ ان چار دستیاب سہولتوں کی اوسط فراہمی (Weighted Average) سکول سکور کو ظاہر کرے گی۔

درج بالا طریقہ کار کے مطابق اگلے صفحات پر تعلیمی معیار اور دستیاب سہولتوں کے لحاظ سے حلقوں کی درجہ بندی ظاہر کی گئی ہے۔

# حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی




## گراف نمبر1: صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی




| | PS-30 | PS-29 | PS-33 | PS-32 | PS-31 | PS-34 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 20% آٹھویں کے نتائج | 26.26 | 21.91 | 22.54 | 23.14 | 21.32 | 24.86 |
| 30% پانچویں کے نتائج | 20.30 | 18.32 | 19.82 | 19.11 | 17.26 | 18.41 |
| 25% طلباء اور کمرۂ جماعت تناسب | 81.53 | 81.83 | 82.14 | 82.44 | 83.49 | 78.99 |
| 25% طلباء اور اساتذہ تناسب | 86.80 | 87.90 | 84.97 | 84.61 | 86.76 | 78.17 |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PS-30 کا مجموعی تعلیمی سکور 53.42 ہے جو کہ ضلع خیر پور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے PS-30 پہلے نمبر پر ہے۔ صوبائی اسمبلی کے حلقہ PS-29 کا مجموعی تعلیمی سکور 52.31 ہے جو کہ ضلع خیر پور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے دوسرے اور حلقہ PS-33 مجموعی تعلیمی سکور 52.23 کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ ضلع خیر پور کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں گے تا کہ مستقبل میں ان کا شمار بھی پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔
- اوپر دیئے گئے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ضلع خیر پور کے پانچویں اور آٹھویں جماعت کے نتائج غیر متاثر کن رہے ہیں۔ پانچویں اور آٹھویں جماعت کے سب سے کم نتائج PP-31 کے لیے ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ حلقہ PP-34 کے سکولوں میں طلباء و کمرۂ جماعت تناسب اور طلباء و اساتذہ تناسب سب سے کم رہا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ نہ صرف حلقہ PS-34 میں مزید کمرۂ جماعت تعمیر کیے جائیں بلکہ حلقہ کے سکولوں میں اساتذہ اور طلباء کے تناسب کو بھی موزوں بنانے کی ضرورت ہے۔


## گراف نمبر2: صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد و شمار اور درجہ بندی




| PS-31 | PS-34 | PS-33 | PS-32 | PS-30 | PS-29 | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 64.22 | 63.83 | 66.63 | 71.58 | 81.35 | 79.94 | لیٹرین 30% |
| 45.62 | 57.30 | 56.07 | 66.10 | 71.50 | 80.57 | چاردیواری 20% |
| 48.34 | 61.22 | 67.54 | 70.55 | 61.40 | 77.39 | بجلی 20% |
| 83.18 | 74.95 | 83.77 | 71.75 | 91.45 | 77.71 | پانی 30% |


- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PS-29 کا مجموعی سکول سکور 78.89 ہے جو کہ ضلع خیر پور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا بنیادی سہولتوں کے اعتبار سے PS-29 پہلے نمبر پر ہے۔ صوبائی اسمبلی کے حلقہ PS-30 کا مجموعی سکول سکور 78.42 ہے جو کہ ضلع خیر پور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں بنیادی سہولیات کے اعتبار سے دوسرے جبکہ حلقہ PS-32 مجموعی سکول سکور 70.33 کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ ضلع خیر پور کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے تاکہ مستقبل میں ان کا شمار بھی پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔
- اوپر دیئے گئے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ضلع خیر پور کے بہت سے سکول بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ اس سلسلے میں PP-31 کی صورتحال تشویشناک ہے جہاں 50 فیصد سے زائد سکول چار دیواری اور بجلی کی سہولیات سے محروم ہیں۔

## نقشہ نمبر1: صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی




| حلقہ نمبر | پہلی ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2015ء |
|---|---|
| پی ایس-30 | 1st |
| پی ایس-31 | 2nd |
| پی ایس-32 | 3rd |
| پی ایس-33 | 4th |
| پی ایس-34 | 5th |
| پی ایس-29 | 6th |

## نقشہ نمبر 2: صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی




| حلقہ نمبر | پہلی ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2015ء |
| --- | --- |
| پی ایس-29 | 1st |
| پی ایس-30 | 2nd |
| پی ایس-32 | 3rd |
| پی ایس-33 | 4th |
| پی ایس-34 | 5th |
| پی ایس-31 | 6th |

رینکنگ کارڈ میں دیئے گئے اعداد و شمار حکومت سندھ کے مطابق ہیں

ضلع خیر پور میں تعلیمی صورتحال میں بہتری لانے کے لیے انسٹی ٹیوٹ
آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) علم آئیڈیاز (Ilm Ideas)
کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

**I-SAPS** Institute of Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) ایک قومی اور پالیسی سازی میں معاونت کرنے والا ادارہ ہے جو سماجی، معاشی و قانونی موضوعات پر تحقیق میں سرگرم عمل ہے۔ شعبہء تعلیم I-SAPS کا ایک اہم تحقیقی موضوع ہے۔ I-SAPS نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی سطح پر شعبہء تعلیم کی مختلف جہتوں پر تحقیق کی ہے جن میں تعلیم کیلئے مختص کیے جانے والے بجٹ اور اس کا استعمال، تعلیم کے لیے کی جانے والی قانون سازی، نجی تعلیمی شعبہ کا انتظام و انصرام وغیرہ شامل ہیں۔

ISBN: 978-969-9393-66-2

مزید معلومات کیلئے

www.i-saps.org    info@i-saps.org    051-111-739-739

@I_SAPS    facebook.com/I-SAPS.pk